## طالبان مساجد، امام بارگاہوں، اولیاءِ کرام، بزرگانِ دین اور دیگر مذاہب کی عبادت گاہوں کو بموں سے اڑادیں گے۔ الطاف حسین

## تمام مکاتبِ فکر اور مذاہب کے لوگ اپنی عبادت گاہوں کی حفاظت کا خود انتظام کریں

## پنجاب کے گرلز اسکولوں اور کالجوں کی انتظامیہ کو طالبان کی جانب سے دھمکی آمیز خطوط اور فون موصول ہورہے ہیں

لندن۔۔۔17 اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے کہا ہے کہ طالبان نے پورے ملک میں تمام مکاتبِ فکر کے مسلمانوں اور دیگر مذاہب کی عبادت گاہوں کو بموں سے اڑانے کا منصوبہ بنالیا ہے لہٰذا تمام مکاتبِ فکر اور مذاہب کے لوگ اپنی اپنی عبادت گاہوں کی حفاظت کا خود انتظام کریں۔ انہوں نے مختلف مکاتب کے علمائے اکرام، مشائخ عظام اور دیگر مذاہب کے اعلیٰ اراکین سے ٹیلیفون پر بات چیت کرتے ہوئے ایم کیو ایم کی تحقیقاتی کمیٹی کے ارکان کی اطلاعات اور خدشات کی روشنی میں کہا کہ جو عناصر اور جماعتیں پاکستان کے قیام کی مخالفت کررہی تھیں، مسلم لیگ کو کافر لیگ اور بانیءِ پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کو کافرِ اعظم قرار دے رہی تھیں وہ اب باقیماندہ پاکستان کو بھی ٹکڑے ٹکڑے کرنے کی سازشیں کررہی ہیں۔ انہوں نے پاکستان بھر کے تمام مسلمانوں اور دیگر مذاہب کے ماننے والوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان دہشت گرد عناصر سے اپنی اپنی مساجد، امام بارگاہوں، بزرگانِ دین، اولیائے کرام کے مزارات اور دیگر مذاہب کی عبادت گاہوں کے تحفظ کیلئے اپنی اپنی حفاظتی ٹیمیں تشکیل دیں کیونکہ کسی بھی ملک کی افواج اور تحقیقاتی ادارے اور پولیس ہر جگہ تمام عبادتگاہوں کی حفاظت نہیں کرسکتی جب تک کہ انہیں شہریوں کا عملی تعاون حاصل نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے گرلز اسکولوں اور کالجوں کی انتظامیہ کو طالبان کی جانب سے دھمکی آمیز خطوط اور فون موصول ہورہے ہیں کہ وہ اپنے اپنے اسکول اور کالجز بند کردیں ورنہ ان تعلیمی اداروں اور ان کی ذمہ دار خواتین کے گھروں کو بموں سے اڑادیا جائے گا۔ جناب الطاف حسین نے پاکستان بھر میں موجود ایم کیو ایم کے ذمہ داروں اور کارکنوں سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ مساجد، امام بارگاہوں، بزرگانِ دین، اولیائے کرام کے مزارات، دیگر مذاہب کی عبادت گاہوں اور خواتین کے اسکول، کالجز اور دیگر تعلیمی اداروں کی حفاظت کیلئے نہ صرف چوکس رہیں بلکہ خود حفاظتی دستوں کی تشکیل کا فوری انتظام کریں، چوکیداری سسٹم رائج کریں اور ملک دشمن عناصر کی جانب سے دہشت گردی کے ممکنہ واقعات کی روک تھام اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مسلح افواج، تحقیقاتی اداروں، پولیس و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے معاون و مددگار ثابت ہونے کا عملی ثبوت دیں۔

## طالبان اسلام کے نام پر اسلام آباد اور پورے پاکستان پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ الطاف حسین

## ادارہءِ منہاج القرآن کے سربراہ اور ملک کے ممتاز عالم دین علامہ ڈاکٹر طاہر القادری سے ٹیلیفون پر گفتگو

لندن۔۔۔17 اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ طالبان اسلام کے نام پر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور پورے پاکستان پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے یہ بات ادارہءِ منہاج القرآن کے سربراہ اور ملک کے ممتاز عالم دین علامہ ڈاکٹر طاہر القادری سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبان مخالف عقائد رکھنے والوں کو خودکش حملوں اور بم دھماکوں کے ذریعے دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں، بزرگانِ دین کے مزارات کو بموں سے اڑارہے ہیں اور اسلام کے نام پر اعتدال پسند مردوں اور خواتین کو سفاکی سے گلے کاٹ کاٹ کر قتل کررہے ہیں جو اسلام نہیں درندگی ہے، ہم کسی بھی طرح اس درندگی اور دہشت گردی کی حمایت نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کے اس عمل کی وجہ سے آج پوری دنیا میں اسلام کا امیج خراب ہوچکا ہے۔ علامہ طاہر القادری نے جناب الطاف حسین کے خیالات سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ اسلام امن و سلامتی کا دین ہے جو نہ خودکش حملوں کے ذریعے انسانی جانوں کو تلف کرنے کی اجازت دیتا ہے اور نہ مخالف عقائد رکھنے والوں اور دیگر مذاہب کے ماننے والوں کے گلے کاٹنے اور جبر و بربریت کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام خوف اور جبر ختم کرنے، امن دینے، انسانی حقوق کو فروغ دینے اور احترام انسانیت کو عام کرنے کیلئے آیا ہے۔ پاکستان قطعی جبر و بربریت کے ماحول کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ علامہ طاہر القادری نے نظام عدل ریگولیشن کے معاملے پر ایم کیو ایم کے اصولی مؤقف کو سراہا اور پاکستان میں مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور برداشت کے رویہ کے فروغ کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے تحت طالبانائزیشن کے موضوع پر علماء ومشائخ کنونشن 19اپریل کو پرل کانٹی نینٹل میں ہوگا

## کنونشن میں پاکستان بھر کے ممتاز علماء کرام، مشائخ عظام اور مذہبی اسکالرز شرکت کریں گے

## علماء کنونشن سے الطاف حسین لندن سے خصوصی ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔17،اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم کے زیراہتمام پاکستان میں طالبانائزیشن کے بڑھتے ہوئے خطرات اور قومی اسمبلی میں منظور کئے گئے نظام عدل ریگولیشن کے موضوع پر علماء ومشائخ کنونشن منعقد کیا جائے گا جس سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے خصوصی ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔ یہ کنونشن مورخہ 19اپریل بروزاتوار کو دوپہر 1 بجے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل (مارکی) کراچی میں منعقد کیا جائے گا جس میں ملک بھر سے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے ممتاز علمائے کرام، مشائخ عظام اور مذہبی اسکالرز شرکت کریں گے۔ علماء ومشائخ کنونشن کے سلسلے میں ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کی جانب سے کنونشن کے انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور علماء کمیٹی کے ارکان کی جانب سے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے رابطے اور انہیں کنونشن میں شرکت کیلئے دعوت نامے تقسیم کرنے کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے۔

## شاہی سید سوات سے نقل مکانی کرنے والوں کو اپنے گھروں کو واپس آنے کی تلقین کرنے سے پہلے طالبان کے ڈر سے بھاگنے والے اپنی جماعت کے رہنماؤں کو پشاور اور چارسدہ واپس آنے کی تلقین کریں، قاسم علی رضا

لندن۔۔۔17،اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے عوامی نیشنل پارٹی صوبہ سندھ کے صدر شاہی سید کے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شاہی سید عوام سے پہلے عوامی نیشنل پارٹی کے ان رہنماؤں کو پشاور اور چارسدہ واپس آنے کی تلقین کریں جو طالبان کے ڈر سے اپنے علاقے چھوڑ گئے ہیں۔ ایک بیان انہوں نے کہا کہ شاہی سید کی جانب سے دہشت گردی اور قتل وغارتگری کے باعث سوات سے نقل مکانی کرنے والے افراد سے اپیل کی جارہی ہے کہ وہ واپس اپنے گھروں کو لوٹ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا جانتی ہے کہ طالبان کی دہشت گردی، قتل وغارتگری اور خودکش حملوں کے خوف سے عوامی نیشنل پارٹی کے لیڈران پشاور اور چارسدہ سے بھاگ چکے ہیں اور کراچی و اسلام آباد میں مزے کی زندگی گزار رہے ہیں۔ قاسم علی رضا نے کہا کہ شاہی سید سوات سے نقل مکانی کرنے والوں کو اپنے گھروں کو واپس آنے کی تلقین کرنے کے بجائے پہلے اپنی جماعت کے رہنماؤں کو پشاور اور چارسدہ واپس آنے کی تلقین کریں جو اپنی زندگی بچانے کیلئے اپنے شہروں اور علاقوں سے بھاگ چکے ہیں۔

## قومی اسمبلی سے نام نہاد نظام عدل کی منظوری ریاست کے اندر ریاست قائم کرنے کے مترادف ہے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔17،اپریل2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیراہتمام فیڈرل بی ایریا میں طالبانائزیشن کے عمل کی سازش کے خلاف خواتین کا ایک بڑااجتماع منعقد کیا گیا جس میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان اور حق پرست ہمدرد خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور قومی اسمبلی میں نظام عدل ریگولیشن کی بھرپور مخالفت کرنے پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان نے مالاکنڈ ڈویژن میں نام نہاد نظام عدل ریگولیشن کے نفاذ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ عمل ریاست کے اندر ریاست قائم کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد نظام عدل کے نفاذ بنیادی انسانی حقوق، خواتین کے تعلیم حاصل کرنے اور انہیں ملازمت کرنے کے حق سے محروم کرنے کی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کی روشنی میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ایوان میں اس بل کی مخالفت کرکے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو ڈنڈا بردار اور کلاشنکوفی شریعت کے خلاف ہے۔

## ایم کیوایم میر پور خاص کے کارکن محمد خالد کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میر پور خاص زون یونٹ D-2 تھامس آباد کے کارکن محمد خالد کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ہاؤس بلڈنگ قرض پر پابندی ختم کرائی جائے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔17، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی عبدالمعید، رضا حیدر اور عامر معین پیرزادہ نے ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی انتظامیہ کی جانب سے غریب اور متوسط طبقے کے افراد کیلئے ہاؤس بلڈنگ قرض پر غیر اعلانیہ پابندی عائد کرنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے لیکن ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی جانب سے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کیلئے ہاؤس بلڈنگ لون پر غیر اعلانیہ پابندی سے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو گھر حاصل کرنے کے حق سے محروم کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی جانب سے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو قرضے جاری کرنے کا پابندی کا فوری نوٹس لیا جائے، ملک بھر کے عوام کو گھر حاصل کرنے کا حق دیا جائے اور ہاؤس بلڈنگ قرض پر پابندی فوری ختم کرائی جائے۔

## مجید نظامی کی اہلیہ محترمہ بیگم ریحانہ مجید نظامی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس
## مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسین، پنجاب کمیٹی، سیاسی، سماجی اور صحافتی شخصیات کی شرکت

لاہور۔۔۔17، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے روزنامہ نوائے وقت کے مدیر مجید نظامی کی اہلیہ محترمہ بیگم ریحانہ مجید نظامی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور مجید نظامی سمیت مرحومہ کے تمام سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء مرحومہ کو میانی صاحب کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی رکن ڈاکٹر علی حسین، ایم کیوایم پنجاب کمیٹی کے اراکین، سیاسی، سماجی اور صحافتی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ڈاکٹر علی حسن نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مرحومہ کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کی مغفرت کے لئے دعا کی۔

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن سرفراز حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن سافراز حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم لیبر ڈویژن پی آئی اے کی سب یونٹ کمیٹی کے رکن کی ہمشیرہ، اورنگی ٹاؤن کے کارکن کے بھائی اور لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن سرفراز حسین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17، اپریل 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن سرافراز حسین، ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن محمد کلام خان کے بھائی محمد اسحاق خان اور ایم کیو ایم لیبر ڈویژن پی آئی اے سب یونٹ کمیٹی کے رکن کفیل احمد کی ہمشیرہ محترمہ مشرف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## اے این پی پختونوں کے گلے کاٹنے والوں سے گلے مل رہی ہے، منشاء خان

لندن۔۔۔17، اپریل 2009ء

ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن منشاء خان نے کہا ہے کہ اے این پی طالبان سے خوفزدہ ہے اور باچا خان کے نظریات کا سودا کرچکی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اے این پی اور مسلم لیگ نواز کے غیر ذمہ دارانہ بیانات سے شیفیلڈ میں رہنے والے کشمیری پاکستانیوں میں گہری تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ میں رہنے والے حق پرست عوام اے این پی کے رہنماؤں سے سوال کرنے میں حق بجانب ہیں کہ اگر وہ پختونوں کے خیر خواہ ہیں تو نعرہ تکبیر لگا کر پختونوں کے گلے کاٹنے والوں سے گلے کیوں مل رہے ہیں؟ منشاء خان نے مزید کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی پورے ملک کو آگ میں جھونک دینا چاہتی ہے اور اسی وجہ سے اس نے سفاک طالبان دہشتگردوں سے امن کے نام پر معاہدہ قتل و غارت گری کیا ہے لیکن جب تک ایم کیو ایم کا ایک بھی کارکن زندہ ہے وہ ڈنڈا بردار شریعت کے خلاف آواز اٹھاتا رہے گا۔

☆☆☆☆☆